© rasailojaraid.com



سید عطاء المحسن بخاری

# منقبت صحابہؓ

سب صحابہ میں نبی کا نور ہے ہر صحابی اک جہان نور ہے
سب صحابہ پر برستا نور ہے ہر صحابی جلوۂ پر نور ہے
نور کے جلووں سے بس معمور ہے یہ ابوبکرؓ و عمرؓ مشہور ہے
حضرت عثمانؓ علیؓ کا نام لے جلوۂ کوہ صفا و طور ہے
اپنے نانا کا نمونہ ہے حسنؓ • کیا نرالا ان کا بھی دستور ہے
کی خلافت اپنے ہاتھوں سے عطا معاویہ کے ہاں وہی منشور ہے

رہگزار زندگی کا رہنما
ان کی طاعت میں عطا مستور ہے

آپؐ کا جو صحابیؓ ہے اپنا بے شک امام ہے آقا
ہر صحابی میں آپکا جلوہ بدر و ماہ تمام ہے آقا
آئینے میں وہ چھاپ جھلکے ہے جس کی دنیا غلام ہے آقا
نور باطن سے کوئی دیکھے تو ان کا عالی مقام ہے آقا
مدح اصحاب آپکا منشا ناطق اس پہ کلام ہے آقا

سب صحابہ کے بارے میں
لوحِ محفوظ امام[لہ] ہے آقا

© rasailojaraid.com

لہ وَکُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ۝